# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 27 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۷/اپریل ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

::::::سرخیاں::::::

**سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ حکومت کے مختلف پروگرامس نوجوانوں کے لئے نئے مواقع پیدا کر رہے ہیں، وزیراعظم کا بیان۔

☆ 15/ویں قومی روزگار میلے میں 51/ہزار سے زائد نوجوانوں میں تقسیم کئے گئے تقرری کے خطوط۔

☆ مرکزی وزیر صحت J.P.Naddah اور وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس آج چھترپتی سمبھاجی نگر کے دورے پر۔

جہاں سرکاری میڈیکل کالج اور کینسر اسپتال میں مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

☆ روم کے Baslica of Saint Marry Major میں کل پوپ فرانس کو کیا گیا سپرد خاک۔

☆ بیڑ میں صندل کی لکڑی کی اسمگلنگ کے معاملے میں 8/ملزمین کو جال بچھا کر کیا گیا گرفتار۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں کئی مقامات پر غیر موسمی بارش، ناندیڑ میں آسمانی بجلی گرنے سے کسان کی موت۔

***** **** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اسکل انڈیا، اسٹارٹ اپ انڈیا اور ڈیجیٹل انڈیا جیسے پروگرامس نوجوانوں کے لئے نئے مواقع پیدا کر رہے ہیں۔ وزیراعظم کل 15ویں قومی روزگار میلے میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے مختلف سرکاری محکمہ جات میں 51 ہزار سے زائد نوجوانوں میں تقرری کے خطوط تقسیم کرنے کے بعد اپنے خیالات کا اظہار کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ قوم کی تعمیر میں نوجوانوں کی شرکت ترقی کی رفتار کو تیز کرتی ہے اور دنیا بھر میں ان کی ایک منفرد شناخت بناتی ہے۔ انہوں نے کہا۔۔۔۔۔۔

**۔۔۔بائٹ وزیراعظم نریندر مودی۔۔۔**

***** **** *****

میک ان انڈیا کو فروغ دینے کے لئے مرکزی حکومت نے اس برس کے بجٹ میں مینوفیکچرنگ مہم کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ ملک نوجوانوں کو عالمی معیار کی مصنوعات بنانے کا موقع فراہم کرے گا جس سے مائیکرو، چھوٹے اور درمیانی درجے کے کاروباری اداروں اور چھوٹے کاروباریوں کو فروغ ملے گا اور ملک میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان اگر اپنے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان اگر اپنے فرائض ایمانداری سے ادا کریں تو اس کا ترقی یافتہ بھارت کی راہ پر مثبت اثر پڑے گا۔

وزیراعظم نے اس بات کا بھی اعادہ کیا کہ ملک کی ترقی میں خواتین کا کردار بہت اہم ہے۔ یکم تا 4 مئی تک ممبئی میں منعقد کی جانے والی Waves 2025 کانفرنس کا ذکر کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ یہ کانفرنس ڈیجیٹل مواد کے شعبے کے مستقبل کو ایک نئی سمت دے گی۔ انہوں نے کہا

۔۔۔۔بائٹ وزیراعظم نریندر مودی۔۔۔۔

گذشتہ روز ملک بھر میں 47/مقامات پر 15/ویں جاب فیئر کا انعقاد کیا گیا۔

***** **** *****

وزیراعظم نریندر مودی آج آکاشوانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعے ہم وطنوں سے خطاب کریں گے۔ یہ اس پروگرام کی 121/ویں قسط ہوگی۔ یہ پروگرام صبح ٹھیک 11/بجے آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینلز پر نشر کیا جائے گا۔

***** **** *****

مرکزی وزارت داخلہ نے جموں کشمیر کے پہلگام میں سیاحوں پر دہشت گردانہ حملے کی تحقیقات کی ذمہ داری نیشنل انویسٹگیشن ایجنسی NIA کو سونپی ہے۔ NIA پہلے ہی اس مقام کا معائنہ کرچکی ہے۔ اب وہ باضابطہ طور پر اس معاملے کی جانچ کرے گی۔

***** **** *****

اطلاعات ونشریات کی مرکزی وزارت نے میڈیا کو دہشت گردی مخالف کاروائیوں اور سلامتی دستوں کی سرگرمیوں سے فاصلہ برقرار رکھنے کا مشورہ دیا ہے۔ وزارت نے تمام میڈیا اداروں کی توجہ اس حقیقت کی جانب مبذول کرائی ہے کہ اس سے ملک کی سلامتی سے متعلق حساس معلومات دشمنوں کے ہاتھوں لگ سکتی ہے۔ وزارت نے مشاہدہ کیا ہے کہ بے قابو رپورٹنگ نے گذشتہ واقعات کے دوران قومی مفاد پر منفی اثر ڈالا ہے۔

***** **** *****

مرکزی وزیرصحت جے پی نڈّا اور وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس آج چھترپتی سمبھاجی نگر کا دورہ کررہے ہیں۔ اس دوران وہ سرکاری میڈیکل کالج، کینسر اسپتال اور ہیگڈیوار اسپتال میں مختلف پروگرامس میں شرکت کریں گے۔ وہیں شہر کے MIT کالج میں وزیراعلیٰ کے ہاتھوں CMIA انڈسٹری ایوارڈس تقسیم کئے جائیں گے۔

***** **** *****

وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ دیہی ترقی کے محکمے نے وزیراعظم رہائشی اسکیم کے تحت بہت اچھا کام کیا ہے۔ اس لئے مرکز سے مزید 10 لاکھ مکانات کی تعمیر کو منظوری دی جائے گی۔ وزیراعلیٰ کل پونے میں دیہی ترقی اور پنچایت راج محکمے کے زیراہتمام ریاستی سطح کے پنچایت راج ورکشاپ سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ مکان کی منظوری کے بعد قطعہ اراضی کی فراہمی کے لیے وہ مہم کی سطح پر کام کریں تاکہ کوئی بھی شہری بے گھر نہ رہ جائے۔ پھڑنویس نے کہا کہ اس مہم کے ذریعے ریاست ملک کی پہلی بے گھروں سے پاک ریاست بن جائے گی۔

***** **** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** **** *****

ریاست نے مردہ پالتو جانوروں کی آخری رسومات کی ادائیگی کے لئے شمسان بھومی بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔اس کے لیے حکومت نے محکمہ شہری ترقی کو کچرے کو ٹھکانے لگانے والے مرکز کے باز و زمین فراہم کرنے کی ہدایت دی ہے۔

***** **** *****

پوپ فرانس کو کل روم میں سینٹ میری میجر کی Besilica میں سپرد خاک کر دیا گیا۔اس موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے دنیا بھر کے مختلف ملکوں کے نمائندوں سمیت کیتھلک عیسائی بڑی تعداد میں موجود تھے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بھارت کی جانب سے گلہائے عقیدت پیش کئے۔پوپ فرانس کا انتقال 21/ اپریل کو 88 برس کی عمر میں ہوا۔

***** **** *****

نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے یقین دلایا کہ حکومت سماجی ترقی کے کاموں کو ہمیشہ ترجیح دے گی۔وہ کل پربھنی ضلع کے پوکھرنی میں بول رہے تھے۔انہوں نے پربھنی ضلع کلکٹر دفتر میں ایک جائزاتی اجلاس کا بھی انعقاد کیا۔انہوں نے کہ کہ ریاستی حکومت بنیادی ڈھانچے کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تیز رفتار اور معیاری ترقیاتی کاموں کو ترجیح دے رہی ہے۔

پوار نے کل پربھنی میں این سی پی کارکنان کے اجتماع سے بھی خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت AI کے استعمال سے زرعی شعبے کو ترقی دی جائے۔

***** **** *****

نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے کل ہنگولی کا دورہ کیا۔انہوں نے بسمت تعلقے کے گنج میں حال میں ہلاک ہونے والی 7 خواتین مزدوروں کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور انہیں کی فس 5/ لاکھ روپیوں کا چیک پیش کیا۔

***** **** *****

بیڑ پولس نے کل صندل کی لکڑی اسمگلنگ معاملے میں آٹھ ملزمین کو گرفتار کر لیا۔سوتاڑا کے جنگل میں جام کھیڑ روڈ پر پولس نے جال بچھا کر ان ملزمین کو حراست میں لیا۔ان سے پولس نے صندل کی لکڑی سمیت 4/ لاکھ 69 ہزار روپیوں کا سامان ضبط کیا۔اسی طرح بیڑ ضلع کے پرلی میں آوارہ گایوں کو اسمگل کرنے کا پردہ فاش ہوا ہے۔ان کو چائے میں غنودگی کی گولیاں کھلائی گئی تھی۔زمین پر بڑی گائیوں کا علاج کیا جارہا ہے۔اس معاملے میں قصورواروں پر سخت کاروائی کی مانگ کی جارہی ہے۔

***** **** *****

لاتور ضلع میں کل تیز ہواؤں کے ساتھ غیر موسمی بارش ہوئی۔ہمارے نمائندے نے بتایا کہ اس بارش نے جہاں آموں کو بڑا نقصان پہنچایا ہے وہیں گرمی سے پریشان شہریوں کو بڑی راحت ملی ہے۔

ناندیڑ ضلع میں کل شام بادلوں کی گرج اور بجلی کی چمک کے ساتھ بارش ہوئی۔مکھیڈ تعلقے کے ہونڈالہ میں آسمانی گرنے سے ایک کسان کی موت ہوگئی۔آسمانی بجلی گرنے سے تائیگاؤں تعلقے میں ایک بیل اور تین بکریاں بھی ہلاک ہوگئیں۔ہمارے نمائندے نے بتایا کہ بے موسم بارش سے موسم گرما کی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔جن میں آم کے باغات بھی شامل ہے۔

اسی طرح ناندیڑ ضلع میں بڑھتے درجہ حرارت کے پیش نظر تمام ابتدائی طبی مراکز اور ذیلی مراکز میں علیحدہ طور پر ہیٹ اسٹروک رومس قائم کئے گئے ہیں۔اسی بیچ کل ریاست میں سب سے زیادہ درجہ حرارت برہمار پوری میں 45.5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ وہیں مراٹھواڑہ کے چھتر پتی سمبھا جی نگر میں درجہ حرارت 42.4ڈگری سیلسیس ،دھاراشیو 42.2، بیڑ 43اور پربھنی میں 44.4 تپش درج کی گئی۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆حکومت کے مختلف پروگرامس نوجوانوں کے لئے نئے مواقع پیدا کررہے ہیں، وزیراعظم کا بیان۔

☆15ویں قومی روزگار میلے میں 51 ہزار سے زائد نوجوانوں میں تقسیم کئے گئے تقرری کے خطوط۔

☆مرکزی وزیر صحت J.P.Naddah اور وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس آج چھترپتی سمبھا جی نگر کے دورے پر۔
جہاں سرکاری میڈیکل کالج اور کینسر اسپتال میں مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

☆روم کے Baslica of Saint Marry Major میں کل پوپ فرانس کو کیا گیا سپرد خاک۔

☆بیڑ میں صندل کی لکڑی کی اسمگلنگ کے معاملے میں 8 ملزمین کو جال بچھا کر کیا گیا گرفتار۔

اور۔۔۔☆مراٹھواڑہ میں کئی مقامات پر غیر موسمی بارش، ناندیڑ میں آسمانی بجلی گرنے سے کسان کی موت۔

***** ***** *****